© rasailojaraid.com



مطالعات میں جمع کر دیا گیا ہے۔

بغیر کسی معروضی' غیر متعصب' متوازن' تحقیق و تجزیہ کے اور اساسی نظریات کو بخوبی جانے بغیر کوئی بھی حل تلاش نہیں کیا جا سکتا' چاہے کسی بھی قسم کی دہشت گردی ہو۔ اس لیے یہ نام نہاد دہشت گردی اصل مسئلہ نہیں ہے۔ اصل مسئلہ تو شہنشاہوں کی عالمی بالادستی ہے جو چھوٹے قزاقوں کو مجبور کرتی ہے کہ وہ اپنی چھوٹی کشتیوں کے ساتھ وسیع سمندروں میں آئیں' اور پکڑے جائیں اور الزام لگانے والوں کے سامنے دہشت گرد قرار پائیں۔

[خرم مراد۔ مسلم ورلڈ بک ریویو' ۱۷' نمبر ۴' ۱۹۹۷' ترجمہ: امجد عباسی]

## مطبوعات موصولہ

○ **پیغمبرانہ دعائیں**' ڈاکٹر خالد علوی۔ مجید بک ڈپو' لاہور' فیصل آباد۔ صفحات: ۲۶۸۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ (آداب دعا' قبولیت دعا' قرآنی دعائیں' حدیث کی دعائیں' نماز کے بعد کی دعائیں' متفرق جامع دعائیں--- دعاؤں کے متن پر اعراب کا اہتمام' حوالوں کا اہتمام--- ایک مفید و نافع کتاب)۔

○ **اسلامک موومنٹ** (ماہوار)' مدیر: محمد لیئین فلاحی۔ سٹوڈنٹس اسلامک موومنٹ آف انڈیا۔ خاص شمارہ اگست ۱۹۹۷۔ صفحات: ۵۶۔ قیمت: ۸ روپے۔ (لاہور کے "ہم قدم" کے اسلوب پر طلبہ کا ترجمان۔ جملہ مسائل اور اپنا موقف کھل کر اور جرات مندانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے' طباعت عمدہ)۔

○ **کرنیں**' اول۔ مقصود احمد۔ تعمیر ملت فاؤنڈیشن۔ مکان ۱۵ گلی ۱۵' ایف ۸/۳ اسلام آباد۔ قیمت: ۳۰ روپے۔ (بچوں کے لیے اسلامی و پاکستانی تناظر میں لکھی گئی نظموں کا انتخاب)۔

○ **RAYS**' مرتب' ناشر اور قیمت: مذکورہ بالا--- (بچوں کے لیے منتخب انگریزی نظمیں)۔

○ **خطابات قومی اسمبلی**' چودھری نذیر احمد خاں' سابق ایم این اے۔ ناشر: احمد حبیب سامان بھوپال والا' ضلع سیالکوٹ۔ (اسمبلی میں رکنیت کے زمانے کی تقریریں اور بحثیں--- انداز مصنف نے اپنے تئیں حق نمایندگی ادا کرنے کی ہر ممکن کوشش کی--- آنے والوں کے لیے نشان راہ)۔

○ **منشورات**' منصورہ' لاہور کی درج ذیل کتب:

۱۔ **حاصل**' مظفر بیگ' صفحات: ۲۰۰' قیمت: ۷۵ روپے۔

۲۔ **عنایتیں کیا کیا**' عنایت علی خان' صفحات: ۳۱۶۔ قیمت: ۱۳۵ روپے۔

۳۔ **خرم مراد' حیات و خدمات**' صفحات: ۵۰۰۔ قیمت مجلد: ۲۰۰ روپے۔

---

**ترجمان القرآن** کے جنوری تا دسمبر کے مضامین کا اشاریہ ماہ دسمبر میں دیا جاتا تھا۔ یہ اس شمارے میں نہیں دیا جا رہا ہے۔ آیندہ ماہ جنوری ۹۸ میں ملاحظہ فرمائیے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com